Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

6دسمبر2013

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کی جانب سے سندھ میں تعلیم کے فروغ کیلیے منصوبے کا افتتاح

کراچی۔ کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین نے سندھ کے صوبائی وزیر تعلیم نثار احمد کھوڑو کے ہمراہ 'سندھ کمیونٹی موبلائزیشن پروگرام' کا افتتاح کیا۔ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے تعاون سے شروع کیے جانے والے اس پروگرام کا مقصد تعلیم کے شعبے میں حکومتی اور غیر سرکاری سطح پر شراکت داری، تعلیمی منصوبوں میں عوام کی شرکت اور انتظامی امور کو بہتر بنانے میں سندھ حکومت کو تعاون فراہم کرنا ہے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کا کہنا تھا کہ 'ترقی کا سفر تعلیم سے شروع ہوتا ہے، اسی لیے پاکستان میں تعلیم کا فروغ امریکی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔' ان کا مزید کہنا تھا کہ 'یو ایس ایڈ اور حکومت سندھ کی مشترکہ کوشش ہے کہ سندھ کے اسکولوں میں زیادہ سے زیادہ لڑکیوں کا داخلہ یقینی بنایا جائے۔'

'کمیونٹی موبلائزیشن پروگرام' یو ایس ایڈ کے 'سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام' کا حصہ ہے جو سندھ کے سات اضلاع سکھر، خیرپور، لاڑکانہ، قمبر شہداد کوٹ، جیکب آباد، کشمور، دادو اور کراچی کے پانچ ٹاؤنز کیماری، لیاری، اورنگی، گڈاپ اور بن قاسم میں پرائمری، مڈل اور سیکنڈری سطح پر طلبا کے اسکولوں میں داخلے میں اضافے کیلیے مدد فراہم کر رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت موجودہ اسکولوں کی استعداد بڑھانے کے ساتھ ساتھ 120 نئے اسکول بھی تعمیر کیے جائیں گے۔

تقریب میں شریک طلبا، اساتذہ اور والدین سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم نثار احمد کھوڑو نے سندھ میں تعلیم کے فروغ کیلیے یو ایس ایڈ اور قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کی کوششوں کو سراہا۔

###